CHILDREN'S AID SOCIETY *of* TORONTO

LA SOCIÉTÉ DE L'AIDE *à* L'ENFANCE DE TORONTO

ٹورانٹو کی چلڈرنز ایڈ سوسائٹی کی ذمہ داریاں اور مؤکل (Client) کے حقوق

ٹورانٹو کی چلڈرنز ایڈ سوسائٹی (سی اے ایس) [Children's Aid Society (CAS)] کی ذمہ داریاں کیا ہیں؟

بچےکی حفاظت ہماری اولین ذمہ داری ہے- کسی بھی ایسی صورت حال جس میں ٹورانٹو میں 16 سال سےکم عمر بچے کو جسمانی یا جذباتی نقصان پہنچایا گیا ہو، جنسی زیادتی کی گئی ہو، یا نظر انداز کیا گیا ہو، یا انہیں ڈرایا دھمکایا گیا ہو تو ہمیں چائلڈ اینڈ فیملی سروسز ایکٹ (اونٹاریو) [Child and Family Services Act (Ontario)] کے تحت قانونی طور پر مداخلت کا اختیار حاصل ہے-

ٹورانٹو کی سی اے ایس (CAS) کون کونسی خدمات فراہم کرتی ہے؟

خاندانی مددکے ساتھ چائلڈ مینیجمینٹ کی خدمات، فاسٹر کیئر، جنسی زیادتی کا نشانہ بننے والوں کیلئے گروپس، گود لینا اور حاملہ خواتین کیلئے مدد- ہم لوگوں کا کمیونٹی میں موجود دیگر خدمات کے ساتھ رابطہ بھی کرواتے ہیں-

جب اطلاع دی جاتی ہے توکیا ہوتا ہے؟

ماں، باپ یا بچہ ہمیں براہ راست کال کر سکتے ہیں- کوئی رشتہ دار، دوست، استاد، پبلک ہیلتھ نرس، ڈاکٹر یا کمیونٹی میں موجود دیگر پیشہ ور بھی رجوع کر سکتے ہیں-

اگر کوئی یہ اطلاع دیتا ہے کہ آپ کے بچے کے ساتھ زیادتی کی گئی ہے یا اسے نظر انداز کیا گیا ہے، تو ٹورانٹو کا سی اے ایس ورکر یہ تعین کرنے کیلئے آپ کے خاندان سے ملاقات کیلئے تشریف لائےگی/گا کہ آیا بچے کے ساتھ کسی قسم کی بد سلوکی ہو رہی ہے- اگر ورکر کو یہ محسوس ہوتا ہے کہ آپ کے بچے کو خطرہ ہے، تو اسے لازمی طور پر اس بات کا فیصلہ کرنا ہوتا ہے کہ بچے کو حفاظت کیسے فراہم کرنی اور آپ کے خاندان کی کیسے مدد کرنی ہے- ورکر آپ کو سپورٹ سروسز کی پیشکش کر سکتی/سکتا ہے، یا بچے کو عارضی طور پر گھر سے لے کر جانے کا فیصلہ کر سکتی/سکتا ہے-

اگر ایسا محسوس ہو کہ بچے کو فوری طور پرخطرہ ہے اور اس کی حفاظت کو یقینی بنانے کا واحد طریقہ اسے گھر سے لے جانا ہی ہے، تو ایسا آپ کی اجازت کے ساتھ یا آپ کی اجازت کے بغیرکیا جا سکتا ہے- اس کے بعد بچے کو کسی محفوظ ماحول میں لے کر جایا جاتا ہے جیسے کہ خاندان کے کسی دوست، رشتہ دار یا پرورش کرنے والےگھر میں-

خاندان اور ٹورانٹو کی سی اے ایس اکٹھے مل کر کیسے کام کرتے ہیں؟

بچے ٹورانٹو کی سی اے ایس کی نگہداشت میں مختلف وجوہات کی بنا پر آتے ہیں- ممکن ہےکہ ان کے والدین ان کی محفوظ طریقے سے نگہداشت نہ کر سکتے ہوں، دیگر ذرائع جیسےکہ مشاورت یا تعلیم و تربیت مؤثر ثابت نہ ہوئی ہو یا بالکل ہی میسر نہ ہو، اور دوست اور رشتہ دار مدد نہ کر سکتے ہوں-

زیر نگرانی آنے والے ہر بچے کو، چھ یا ان سے زائد کو ان کے اپنے ہی گھروں میں حفاظت سے رکھا جاتا ہے- کچھ بچوں کو ان کے والدین رضاکارانہ طور پر ہمارے ساتھ رہنے کی اجازت دے دیتے ہیں، جبکہ دیگر بچے عدالت کے حکم پر ہماری نگرانی میں آتے ہیں- کبھی کبھار، بچے کو رضاکارانہ طور پر ہماری نگرانی میں دینا کارآمد ہوتا ہے- آپ کی اجازت اور اگر بچہ 12 سال یا اس سے بڑی عمر کا ہے تو بچے کی رضامندی سے ایسا محدود عرصے کیلئے ہوتا ہے-

اگر آپ کے بچے کو آپ کی مرضی کے خلاف گھر سے لے جایا جاتا ہے، تو اس بات کا فیصلہ جج کرتا ہے کہ آگے کیا ہونا چاہیئے- ٹورانٹو کی سی اے ایس کو فیملی کورٹ (Family Court) کے جج کے سامنے پانچ دنوں کے اندر اندر لازمی طور پر صورت حال پیش کرنا پڑتی ہے- اس بات کا فیصلہ جج کرتا ہے کہ آیا بچے کو ٹورانٹو کی سی اے ایس کے زیر نگرانی رہنا چاہیئے یا اسے اس کے گھر واپس بھیج دینا چاہیئے- عدالت میں اپنی مدد کیلئے آپ کسی وکیل کا بندوبست کر سکتے ہیں- اگر آپ مالی حالات کی وجہ سے وکیل کا بندوبست نہیں کر سکتے، تو آپکو مدد کیلئے لیگل ایڈ آفس سے درخواست کرنی چاہیئے-

بچےکے کیا حقوق ہیں؟

- بچے یا بچی کی زندگی کے بارے میں کئے جانے والے اہم فیصلوں میں شامل ہونے کا حق جو بچے یا بچی کی عمر اور اہلیت کے مطابق ہو
- پردہ داری کا حق
- آپ کے ساتھ ملاقات کا حق، تاوقتیکہ جج یا عدالت کا حکم سی اے ایس ورکر کو اس طرح کا فیصلہ کرنے کا حق دے، کہ ایساکرنا آپ کے بچے کے حق میں نہیں ہے-

...more

(contunued...)

ٹورانٹو کی چلڈرنز ایڈ سوسائٹی کی ذمہ داریاں اور مؤکل (Client)کے حقوق

- مناسب دیکھ بھال حاصل کرنے کا حق، جس میں غذائیت سے بھر پور کھانے، بچے یا بچی کی قابلیتوں کے مطابق تعلیم، باقاعدگی کے ساتھ طبی اور دانتوں کی دیکھ بھال، عمر کے مطابق کپڑے، اور اسکول کے بعد کے تفریحی مشاغل میں حصہ لینا
- جسمانی زیادتی یا سزا، اور جذباتی، جنسی، اور لفظی زیادتی سے آزادی کا حق
- اس کے مذہب پر عمل درآمد، اور مذہبی ہدایات حاصل کرنے کا حق
- ایسے مشاغل میں حصہ لینے کا حق جو اس کی ثقافت اور میراث کیلئے ضروری ہیں
- اس کی جداگانہ حیثیت کے عزت و احترام کا حق جس میں قابلیت، جنسی رخ بندی، اور جنسی شناخت بھی شامل ہیں

والدین کےکیا حقوق ہیں؟

ٹورانٹو کی سی اے ایس کو چاہیئےکہ وہ آپ کو عدالت سے متعلقہ تمام معاملات سے آگاہ کرنےکیلئے لازمی طور پر موزوں کوشش کرے- اگر فیملی کورٹ کا جج یہ فیصلہ کرتا ہےکہ آپ کے بچے کو لازمی طور پر ہماری نگہداشت میں رہنا چاہیئے، تو ٹورانٹو کی سی اے ایس لازمی طور پر آپ کو اس بارے میں آگاہ کرے گی اور آپ کو آپ کے بچے پر اثر انداز ہونے والے تمام اہم فیصلوں میں حصہ لینے کی اجازت دے گی- آپ کو ٹورانٹو کی سی اے ایس کی فائلوں میں خاص معلومات تک مناسب حد تک رسائی بھی لازمی طور پر حاصل ہونی چاہیئے-

خواہ آپ کا بچہ کچھ عرصہ ہمارے زیر نگرانی رہے، یا گھر واپس چلا جائے، آپ کے بچے کیلئے عمدہ ترین نتائج کو یقینی بنانے کیلئے ہر ایک کو لازمی طور پر جو کچھ کرنا ہے، کے بارے میں ایک منصوبہ تشکیل دیا جائےگا-

آپ اپنے بچے کے ساتھ علیحدگی میں ملاقات کر سکتے ہیں، تاوقتیکہ کوئی جج یا آپ کا ٹورانٹو کی سی اے ایس ورکر اور/یا عدالتی حکم کے ذریعے آپ کے بچےکا ٹورانٹو کی سی اے ایس ورکر، یہ سمجھتی/سمجھتا ہو کہ ملاقات آپ کے بچے کے بہترین مفادات میں نہیں ہے- یہ ملاقاتیں آپ کے گھر پر، کمیونٹی میں، یا جہاں آپ کا بچہ رہائش پذیر ہے اس جگہ ہو سکتی ہیں-

آپ اور آپ کا ٹورانٹو کی سی اے ایس ورکر (اور آپ کا بچہ/بچی اگر وہ اتنی بڑی/اتنا بڑا ہو) کب، کہاں، اور آپ کتنی مرتبہ ملاقات کر سکتے ہیں کے بارے میں بات چیت کریں گے-

کیا سی اے ایس کے ریکارڈ خفیہ رکھے جاتے ہیں؟

جی ہاں- ہماری سرگرمی کا حساب کتاب رکھنے، اور آپ کے خاندان کی مدد کیلئے اہم معلومات اکٹھی کرنے کیلئے ٹورانٹو کی سی اے ایس کو بچوں اور ان کے خاندانوں کے ساتھ تمام روابط کا صحیح ریکارڈ پاس رکھنا لازم ہے- تمام ریکارڈ خفیہ رکھے جاتے ہیں اور ان میں موجود معلومات کو کسی دوسرے پر ظاہر کرنے پر بہت سختی سے پابندی کی جاتی ہے-

یہ آپ کا حق ہے:

- اپنے ریکارڈ پر نظر ثانی کرنا اور اسے سمجھنا
- ریکارڈ کے بارے میں آپ کو مکمل طور پر وضاحت کی جائے
- اگر کہیں کوئی غلطیاں ہوں تو انہیں درست کیا جائے

اگر ٹورانٹو کی سی اے ایس کی خدمت کے بارے میں کوئی خدشات ہوں توکیا ہوگا؟

اگر کوئی مسئلہ ہے، تو اس کے حل کیلئے ہم پوری کوشش کریں گے- اگر آپ کے کوئی فکر افکار یا سوالات ہیں تو براہِ مہربانی اپنے سی اے ایس ورکر سے بلا جھجک بات کریں-

اگر آپ اور آپ کا سی اے ایس ورکر مسئلے کو حل نہیں کر سکتے، تو سی اے ایس کے نگران کار سے بات کرنے کیلئے کہیں- یہ ہمارا تجربہ ہےکہ زیادہ تر معاملات عام طور پر اس مرحلے پر حل ہو جاتے ہیں- تاہم، اگر آپ، آپ کا سوشل ورکر، اور نگران کار کسی مسئلے کو حل نہیں کر سکتے، تو سی اے ایس کا شکایات کا حسب ضابطہ طریق کار ہے جس کی آپ کو وضاحت کی جائےگی- آپ شکایات کے طریق کار کی تحریری نقل کیلئے کسی بھی وقت پوچھ سکتے ہیں-

مزید معلومات کیلئے ٹورانٹو کی چلڈرنز ایڈ سوسائٹی کو مندرجہ ذیل نمبر پرکال کریں

416-924-4646 یا مندرجہ ذیل ای میل پر رابطہ کریں **inquiries@TorontoCAS.ca**

www.TorontoCAS.ca